ضروری اطلاع

سال ۱۴۲۴ھ اور ۱۴۲۵ھ کے امتحانات میں امتیازی حیثیت میں کامیاب ہونے والے طلباء اور طالبات کے اعزاز میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جانب سے مورخہ ۱۵ مئی ۲۰۰۵ء بروز اتوار کو اسلام آباد میں ایک تقریب منعقد ہو رہی ہے۔ امتیازی حیثیت کے حامل طلباء مورخہ ۱۴ مئی ۲۰۰۵ء بروز ہفتہ کو جامعۃ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ مہران سیکٹر ای سیون اسلام آباد اور طالبات مورخہ ۱۴ مئی ۲۰۰۴ء بروز ہفتہ کو جامعہ حفصہ للبنات لال مسجد اسلام آباد میں تشریف لا کر اپنا نام درج کرائیں۔

فون برائے رابطہ: 2822411 - 2816313 - 051-2815313

اعلان داخلہ

''وفاق المدارس'' العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان ۱۴۲۶ھ کے داخلے یکم ربیع الاول سے شروع ہونگے۔ جامعات/مدارس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اپنے داخلے بروقت کرائیں۔ یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ اکثر مدارس داخلہ فارم بغیر فیس کے ارسال کرتے ہیں۔ جس میں رقم بھیجنے کا ذکر نہیں ہوتا نہ ہی ذریعہ بتایا جاتا ہے کہ رقم ڈرافٹ سے بھیجی گئی ہے یا کسی اور ذریعہ سے اور نہ ہی الحاق نمبر ارسال کیا جاتا ہے۔ ایسے اداروں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ ان کے داخلہ فارم مسترد کر دیئے جائیں گے اور بعد میں دفتر اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

ذریعہ وصولی واجبات

تمام واجبات بشمول داخلہ فیس صرف ایک ڈرافٹ کی صورت میں ارسال کئے جائیں۔ جس کا دفتر اور مدارس دونوں کو فائدہ ہو گا۔ اکثر مدارس داخلہ فیس اور سالانہ فیس اور رسالہ فیس کے ڈرافٹ علیحدہ علیحدہ بھیجتے ہیں جس سے مدارس کا خرچہ زائد ہو جاتا ہے۔ ذمہ داران مدارس اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام طلباء کا داخلہ ایک ہی دفعہ اکٹھا بھیجا جائے۔ نیز دفتر کی طرف سے ارسال کئے گئے کوائف نامہ کو مکمل کر کے بھیجیں۔

تاریخ داخلہ سنگل فیس: یکم ربیع الاول تا پندرہ ربیع الثانی — تاریخ داخلہ ڈبل فیس: 16 ربیع الثانی تا 30 ربیع الثانی

''وفاقی'' امتحانات کیلئے ''غیر وفاقی'' درجات کا نتیجہ لازمی:- آئندہ سال وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات میں شرکت کیلئے ''غیر وفاقی'' درجہ کے سالانہ امتحان کا مصدقہ نتیجہ فارم داخلہ کے ساتھ لف کرنا ضروری ہوگا۔ اس کے بغیر امتحان میں شرکت کا استحقاق نہیں ہوگا۔